09.10.2026

21.15 Hrs

HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں .... ضمیر رضوی

Music

☆ BJP نے مغربی بنگال میں Rejinagar اور نندی گرام اسمبلی حلقوں میں ضمنی چناؤ جیت لیا ہے۔ تمل ناڈو میں حکمراں TVK نے Madurantakam اور Dharapuram سیٹوں کے ضمنی انتخابات میں جیت حاصل کی ہے۔ پدوچیری میں کانگریس نے Thattanchavady اسمبلی حلقہ برقرار رکھا ہے۔ BJP نے آسام کی نوگاؤں لوک سبھا سیٹ بھی جیت لی ہے۔

☆ دلّی پولیس نے کل جنتر منتر پر احتجاج کی اجازت دینے سے انکار کر دیا ہے۔ سکیورٹی کے پیشِ نظر دلّی کے 57 میٹرو اسٹیشن کل تک بند رہیں گے۔

☆ کل صبح چار بجے سے دوپہر دو بجے کے درمیان نئی دلّی اور حضرت نظام الدین ریلوے اسٹیشنوں پر پہنچنے والی تمام میل اور ایکسپریس ٹرینوں کو ان کے ابتدائی اسٹیشنوں سے ہی منسوخ کر دیا گیا ہے۔

☆ بھارت نے زور دیا ہے کہ مستقل ملازمت کی تصدیق کے پروگرام PERM کے سلسلے میں امریکہ کی جانب سے اعلان کردہ اقدامات دونوں ممالک کے مشترکہ مقاصد کو آگے بڑھانے میں معاون نہیں ہیں۔

☆ بھارت نژاد جنوبی افریقہ کی قانون داں Navanethem Navi Pillay کو امن اور بین الاقوامی قانون کے فروغ کے لیے ان کی خدمات کے صلے میں نوبیل امن انعام سے نوازا گیا۔

☆ اور کرکٹ میں رانچی میں دوسرے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کے سامنے جیت کیلئے 250 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

By Election Result

BJP نے مغربی بنگال کے مشرقی مدنا پور ضلعے کی نندی گرام اور مرشد آباد ضلعے کی Reji Nagar دونوں اسمبلی سیٹوں کے ضمنی انتخابات میں بڑی جیت درج کی ہے۔ نندی گرام میں BJP کی امیدوار Hasirani Rath نے اپنے قریبی حریف کانگریس کے امیدوار ملن پردھان کو شکست دی۔

تمل ناڈو میں برسراقتدار TVK پارٹی نے Madurantakam اور Dharapuram اسمبلی سیٹوں کے ضمنی انتخابات

میں جیت درج کی ہے۔

پدوچیری میں آل انڈیا NR کانگریس کے امیدوار اشوک آنند نے آسان جیت درج کی۔ یہ سیٹ پدوچیری کے وزیراعلیٰ این-رنگا-سامی کے ذریعے خالی کی گئی تھی۔

آسام کی Nagaon لوک سبھا سیٹ پر ہوئے ضمنی انتخاب میں BJP امیدوار دیواشیش شرما نے جیت درج کی ہے۔ شرما نے AIUDF کے سربراہ بدرالدین اجمل کو ایک لاکھ 40 ہزار ووٹوں سے باآسانی شکست دی۔ کانگریس تیسرے نمبر پر رہی۔×

PM Poll Results

وزیراعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ آسام کی Nagaon پارلیمانی حلقے اور مغربی بنگال کی نندی گرام اور Reji Nagar اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخابات کے نتائج ایک بار پھر BJP-NDA کی بہترین حکمرانی میں عوام کے بھروسے کی عکاسی کرتے ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے جیتنے والے BJP امیدواروں کو مبارکباد دی اور پارٹی کارکنوں کی سخت محنت کی ستائش کی۔ وزیراعظم نے پدوچیری کی Thattanchavady سیٹ پر جیت حاصل کرنے پر NDA کے اتحادی AINRC کو بھی مبارکباد دی ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ پارٹی کو اور تقویت دیں گے، کیونکہ یہ لوگوں کی بہبود اور اُن کے روشن اور خوشحال مستقبل کی تکمیل کیلئے اَنتھک کام کررہی ہے۔×

Amit Shah By Election

وزیر داخلہ اور سینئر BJP لیڈر امت شاہ نے آج کہا ہے کہ مغربی بنگال، آسام اور پدوچیری کے ضمنی انتخابات اور حال ہی میں منعقد ہوئے راجستھان اور تریپورہ کے مقامی انتخابات میں BJP کی جیت اِس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ عوام نے INDIA اتحاد کو پوری طرح مسترد کردیا ہے۔×

Delhi Police CJP Protest

دلّی پولیس نے کل جنتر منتر پر CJP کی جانب سے مجوزہ احتجاجی مظاہرے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا ہے۔ آج نئی دلّی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے دلّی پولیس کی جوائنٹ کمشنر Nupur پرساد نے کہا کہ جنتر منتر پر احتجاجی مظاہرے یا دیگر پروگرام منعقد کرنے کی اجازت حاصل کرنے کیلئے کم سے کم 10 دن پہلے درخواست جمع کرانا ضروری ہے۔ محترمہ پرساد نے کہا کہ اس سے قبل CJP کو جنتر منتر پر احتجاج کرنے کی اجازت دی گئی تھی، لیکن CJP نے مقررہ رہنما خطوط اور اپنی جانب سے دی گئی یقین دہانیوں پر عمل نہیں کیا تھا۔ جوائنٹ کمشنر نے کہا کہ نئی دلّی کے علاقے میں امن و امان کی موجودہ صورتحال، عوام کی سکیورٹی اور ٹریفک ضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔

S/B: Nupur Prasad

محترمہ پرساد نے مزید کہا کہ علاقے میں فی الحال بھارتیہ ناگرک سرکشا سنہتا کی دفعہ 163 کے تحت امتناعی احکامات نافذ ہیں۔ جوائنٹ کمشنر نے خبردار کیا کہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے افراد کے خلاف دلّی پولیس مناسب قانونی کارروائی کرے گی۔

سکیورٹی وجوہات کے پیشِ نظر آج رات 9 بجے سے کل اگلے احکامات جاری ہونے تک 57 میٹرو اسٹیشنوں پر داخلے اور باہر نکلنے کی سہولت بند ہے۔ تاہم، نئی دلّی میٹرو اسٹیشن کو چھوڑ کر دیگر متعلقہ میٹرو اسٹیشنوں پر مسافروں کے لیے میٹرو لائن تبدیل کرنے کی سہولت دستیاب رہے گی۔

ان میٹرو اسٹیشنوں میں راجیو چوک، سیوا تیرتھ، لوک کلیان مارگ، سینٹرل سکریٹریٹ، جن پتھ، پٹیل چوک، نئی دلّی اور منڈی ہاؤس شامل ہیں۔

اس دوران دلّی میں سرائے کالے خان اور نیو اشوک نگر نمو بھارت اسٹیشنوں کے درمیان ٹرین خدمات بھی آج رات 9 بجے سے کل رات 10 بجے تک بند ہیں۔

اس کے علاوہ دلّی کے آنند وہار اسٹیشن اور اتر پردیش کے مودی پورم اسٹیشن کے درمیان نمو بھارت ٹرین خدمات مقررہ نظام الاوقات کے مطابق جاری رہیں گی۔ مسافروں سے درخواست ہے کہ وہ اِسی کے مطابق اپنی آمد و رفت کا منصوبہ بنائیں۔

ریلوے کے DCP، بی بھرت ریڈی نے کہا کہ جنتر منتر پر کل ہونے والے مجوزہ احتجاج کے پیشِ نظر دلّی میں امن و قانون برقرار رکھنے کیلئے سرکاری ریلوے پولیس GRP کے اہلکاروں کی خصوصی تعیناتی کی گئی ہے۔

انہوں نے بتایا کہ دلّی میں سات بڑے ریلوے اسٹیشن ہیں اور وہاں مجموعی طور پر GRP کے 334 اہلکار تعینات کیے گئے ہیں، جن میں تقریباً 120 خاتون اہلکار بھی شامل ہیں۔x

DMRC Closure

دِلی میٹرو ریل کارپوریشن DMRC، نے اطلاع دی ہے کہ قومی راجدھانی دِلی میں سلامتی وجوہات کی بنا پر 57 میٹرو اسٹیشن آج رات 9 بجے سے کل تک بند رہیں گے۔ اِن میٹرو اسٹیشنوں میں راجیو چوک، لوک کلیان مارگ، سینٹرل سکریٹریٹ، جَن پتھ، پٹیل چوک، نئی دِلی، سیوا تیرتھ اور منڈی ہاؤس شامل ہیں۔ DMRC نے مزید کہا کہ نئی دِلی میٹرو اسٹیشن کو چھوڑ کر سبھی متعلقہ اسٹیشنوں پر اِنٹرچینج سہولت جاری رہے گی۔x

Railways Train Cancel

نئی دِلی کے نئی دِلی ریلوے اسٹیشن اور حضرت نظام الدین ریلوے اسٹیشن پر کل صبح چار بجے سے دوپہر دو بجے تک پہنچنے والی سبھی ایکسپریس اور میل ٹرینوں کو اُن کے نکلنے کے مقام سے ہی منسوخ کردیا ہے۔ یہ وہ ٹرینیں ہیں، جنہیں آج دوپہر دو بجے کے بعد سے روانہ ہونا تھا اور کل نئی دِلی پہنچنا تھا۔ ریلوے کی وزارت نے بتایا کہ نئی دِلی ریلوے اسٹیشن اور حضرت نظام الدین ریلوے اسٹیشنوں کے اطراف کل سڑکوں پر ٹریفک کی ممکنہ سنگین صورتحال کے مدنظر یہ فیصلہ لیا گیا ہے۔x

SC Metro Rail Services

سپریم کورٹ نے مرکز اور انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ وہ کل دس اکتوبر کو قومی راجدھانی میں ہونے والے CJP احتجاج کے مدنظر اِس بات کو یقینی بنائیں کہ دِلی میٹرو اور ریلوے خدمات پوری طرح سے معطل نہ رہیں۔ بھارت کے چیف جسٹس، جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی والی بنچ نے کہا کہ عوامی نظامِ ٹرانسپورٹ مقررہ نظام کے مطابق کام کرتے رہنا چاہئے تاکہ مسافروں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا کرنا پڑے۔ جسٹس جوائے مالیا باگچی اور جسٹس وی موہنا پر مشتمل بنچ نے سالیسٹر جنرل

تشار مہتا کے ذریعے دی گئی یقین دہانی کو بھی نوٹ کیا کہ انتظامیہ اِن پابندیوں پر نظر ثانی کرے گی۔ بنچ نے متناسب نظریہ اپنانے پر زور دیتے ہوئے یہ مشاہدہ کیا کہ مکمل پابندی اور امن و قانون کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے خدمات کو منظّم کرنا الگ الگ باتیں ہیں۔×

PM 25 Years- Semi Conductor

وزیر اعظم نریندر مودی کی عوامی خدمت کے 25 برس مکمل ہو رہے ہیں، جو ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے منتر پر مبنی ہے اور اِس انتھک عزم کا سلسلہ جاری ہے۔ سیوا اور سُشاسن کے اِس نظریے کے تحت حکومت 2047 تک وکست بھارت کے مقصد کو حاصل کرنے کی خاطر انتھک کام کر رہی ہے۔ جامع ترقی اور سماج کو با اختیار بنانے کے عزم کے ذریعے لوگوں کی زندگیوں میں تبدیلی آرہی ہے۔ آج کی اپنی خصوصی سیریز میں ہم اِس بات کا تذکرہ کر رہے ہیں کہ کس طرح سیمی کنڈکٹر مشن جیسے اقدامات کے کے ذریعے اِس وژن کو حقیقی شکل دی جارہی ہے۔

VC Bhanu

سیمی کنڈکٹرز جدید ٹیکنالوجی کی بنیادی اکائیاں اور معاشی طاقت کی بنیاد ہیں۔ مصنوعی ذہانت، ٹیلی مواصلات، برقی نقل وحمل، دفاع اور جدید صنعتوں میں ان کا اہم رول ہے۔ پچھلے دو برس میں، عالمی سیمی کنڈکٹرز بازار میں 20 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔ ملک کی چھ ریاستوں میں بارہ سیمی کنڈکٹرز کو منظوری دی گئی ہے جس میں ایک لاکھ 64 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی سرمایہ کاری کے وعدے کئے گئے ہیں۔ نئی دلّی میں سیمی کون انڈیا 2026 سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت، سیمی کنڈکٹر شعبے کیلئے ایک پُرکشش مقام بننے کیلئے تمام اقدامات کر رہا ہے۔

S/B: PM Semi Conductor

آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات کرتے ہوئے انفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہر پرسون شرما نے کہا کہ بھارت کے سیمی کنڈکٹر کا سفر اب محض خواہش اور امید کی کہانی نہیں رہا بلکہ عملی اقدامات کی جانب بڑھ رہا ہے۔

S/B: Prasoon Sharma

بھارت میں سیمی کنڈکٹر کے شعبے کی ترقی کا سفر اب دفاعی اور اسٹریٹجک صلاحیتیں پیدا کرنے سے آگے بڑھ کر ایک وسیع ملکی صنعتی نظام کی تشکیل تک پہنچ چکا ہے۔ ان کوششوں کے نتیجے میں بھارت سیمی کنڈکٹر کی پوری ویلیو چین یعنی پیداوار سے لے کر متعلقہ مراحل تک اپنی شرکت کو وسیع کرنے کی حالت میں آرہا ہے۔

نئی دلّی سے بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ....اصغر علی

Dubai Pilot

سعودی عرب کے ریاض میں کنگ خالد بین الاقوامی ہوائی اڈّے پر کل ہوئے حملوں میں تین سعودی شہریوں کی موت

ہوگئی اور کئی دیگر زخمی ہوگئے۔ شہری ہوا بازی سے متعلق سعودی عرب کی جنرل اتھارٹی، GACA نے یہ اطلاع دی ہے۔ اِن حملوں میں ہوائی اڈّے کی عمارت اور سعودی ایئرلائنس کے طیاروں کو نشانہ بنایا گیا، جس کے سبب مالی نقصان بھی ہوا ہے۔x

MEA US PERM

بھارت نے آج اس بات پر زور دیا ہے کہ امریکہ کی جانب سے مستقل ملازمت کی تصدیق کے پروگرام PERM کے سلسلے میں اعلان کردہ اقدامات دونوں ممالک کے مشترکہ مقاصد کو آگے بڑھانے میں مددگار نہیں ہیں۔

آج سہ پہر نئی دلّی میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ باصلاحیت افراد کی آمد و رفت سے بھارت اور امریکہ، دونوں کی معیشتوں کو فائدہ پہنچتا ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ اس سے جہاں بھارتی شہریوں کیلئے مواقع پیدا ہوتے ہیں، وہیں امریکی کمپنیوں کو بھی جدید ترین صلاحیتوں کے حامل ماہرین تک رسائی حاصل ہوتی ہے۔ اس کے نتیجے میں جدت طرازی، تحقیق، پیداواری صلاحیت، مسابقت اور روزگار کے مواقع میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

ترجمان نے مزید کہا کہ اس سے امریکہ میں کمپنیوں کے شیئر ہولڈرز کی دولت میں اضافے کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کو باہمی طور پر کافی فائدہ پہنچتا ہے۔ جناب جیسوال نے وضاحت کی کہ امریکی حکومت کی جانب سے بعض کمپنیوں کو PERM پروگرام سے معطل کیے جانے کے اقدام سے، بذاتِ خود، پہلے سے جاری H-1B ویزوں کی قانونی حیثیت یا ویزا رکھنے والوں اور ان کے زیرِ کفالت افراد کی حیثیت متاثر نہیں ہوتی۔ تاہم، اس اقدام سے متاثرہ کمپنیوں کے اہل ملازمین کے مستقل رہائش کے اجازت نامے، یعنی گرین کارڈ، حاصل کرنے کے عمل پر کچھ اثر پڑ سکتا ہے۔

S/B: Randhir Jaiswal

امریکہ کے نائب صدر جے ڈی وینس کے غیر امریکی کارکنوں سے متعلق تبصروں کے جواب میں جناب جیسوال نے کہا کہ اس طرح کی اصطلاحات کا استعمال غیر مناسب ہے اور اس حقیقت کو نظر انداز کیا جاتا ہے کہ امریکہ میں کام کرنے والے بھارتی پیشہ ور افراد اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں۔

انہوں نے اجاگر کیا کہ کئی نسلوں سے جاری نقل مکانی اور تارکینِ وطن کی آمد سے خود امریکہ کی تاریخ بھری پڑی ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ایسی اصطلاحات استعمال کرنا جن میں تاریخ کے تکلیف دہ اور نوآبادیاتی دور کی یادیں وابستہ ہوں، انتہائی توہین آمیز ہے۔ اقوامِ متحدہ کے بھارت اور پاکستان میں فوجی مبصرین کے گروپ سے متعلق سوال کے جواب میں وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے کہا کہ بھارت کا مستقل موقف رہا ہے کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان شملہ معاہدے پر دستخط کے بعد اس گروپ کی افادیت ختم ہو چکی ہے۔x

Rajnath National Security

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آج کے دور میں قومی سلامتی کی تشریح بدل گئی ہے۔ جناب سنگھ نے کہا کہ قومی سلامتی کا تعین محض حفاظتی فورسز کی تعداد سے نہیں ہوتا، بلکہ یہ دفاعی شعبے میں خود انحصاری سے بھی طے ہوتی ہے۔ وزیردفاع، آج نئی دِلی میں سوسائٹی آف انڈین ڈیفنس مینوفیکچررز چیمپئنس ایوارڈ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔

جناب سنگھ نے واضح کیا کہ بھارت، جدید ترین فوجی آلات کی معتبر اور قابل بھروسہ برآمدکار کے طور پر اُبھر رہا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ سال 2025-26 میں بھارت کی دفاعی برآمدات ریکارڈ 38 ہزار 424 کروڑ روپے تک جا پہنچی ہیں،

جو کہ گزشتہ مالی سال کے مقابلے60 فیصد سے زیادہ کا اضافہ ہیں۔ وزیرِدفاع راجناتھ سنگھ نے مزید کہا کہ ایک اور بڑی حصولیابی دفاعی شعبے کی سرکاری کمپنیوں نے حاصل کی ہے، جنہوں نے اِس معاملے میں تقریباً 55 فیصد اور پرائیویٹ شعبے نے 45 فیصد کا تعاون دیا ہے۔

SB: Rajnath Singh

Tanzania Accident

تنزانیہ میں آج صبح ایک مسافر بس لکڑی لے جانے والے ٹرک سے ٹکرا گئی، جس کے بعد بس میں آگ لگ گئی۔ اس حادثے میں کم سے کم 28 افراد ہلاک ہوئے ہیں۔ Morogoro کے ریجنل فائر اور ریسکیو فورس کے قائم مقام کمانڈر کے مطابق یہ حادثہ Morogoro دارالسلام شاہراہ پر پیش آیا، جب بس دارالسلام سے Mbeya جارہی تھی۔×

BJP Congress

BJP نے کانگریس پر الزام عائد کیا ہے کہ اس نے JNU کے پروفیسر اور رکن پارلیمنٹ Angomcha Bimol Akoijam کے خلاف کارروائی نہیں کی، حالانکہ طالبات کی جانب سے یہ الزامات سامنے آئے ہیں کہ انہوں نے نمبر دینے کے بہانے ان کا استحصال کیا۔

دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے BJP کی جنرل سکریٹری اسمرتی ایرانی نے الزام لگایا کہ یہ معاملہ سامنے آنے کے بعد بھی کانگریس نے اپنے رکن پارلیمنٹ کے خلاف کوئی کارروائی نہیں۔ x

Jaishankar Ethiopia

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج ایتھیوپیا کے عدیس ابابا میں نیشنل پیلس اور میوزیم کا دورہ کیا۔ سوشل میڈیا پر اپنے دورے کی جھلکیاں پیش کرتے ہوئے جناب جے شنکر نے کہا کہ یہ میوزیم، ایتھیوپیا کی ثقافتی وراثت اور تاریخی اہمیت کی عکاسی کرتا ہے۔ اِس سے پہلے دن میں جناب جے شنکر نے ایتھیوپیا کے اپنے ہم منصب Gedion Timothewos سے ملاقات کی اور تعلیم، ثقافت، تجارت، سرمایہ کاری اور ڈیجیٹائزیشن کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مستحکم کرنے کے امکانات پر تبادلۂ خیال کیا۔×

Nobel Peace

بھارت نژاد جنوبی افریقہ کی قانون داں Navanethem Navi Pillay کو امن اور بین الاقوامی قانون کے فروغ کیلئے ان کی خدمات کے صلے میں آج نوبیل امن انعام سے نوازا گیا ہے۔ وہ اقوامِ متحدہ میں انسانی حقوق کی سابق سربراہِ رہ چکی ہیں اور بین الاقوامی عدالتِ انصاف ICJ میں جج کے طور پر بھی خدمات انجام دے چکی ہیں۔ Navi Pillay نے نسلی امتیاز کے دور میں پرورش پائی۔ بعد میں انہوں نے نسلی امتیاز کے خلاف جدوجہد کرنے والے کارکنوں کا دفاع کرنے اور انسانی حقوق و مساوات کے فروغ کیلئے اپنی زندگی وقف کر دی۔

Navi Pillay، 1941 میں جنوبی افریقہ کے شہر ڈربن میں پیدا ہوئیں۔ ان کے والدین بھارت نژاد اور تمل نسل سے

تعلق رکھتے تھے۔ بعد میں وہ جنوبی افریقہ کی ہائی کورٹ میں جج مقرر ہونے والی پہلی سیاہ فام خاتون بنیں۔x

Cricket IND-WI

کرکٹ میں رانچی میں پانچ ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچوں کی سیریز کے دوسرے میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کے سامنے جیت کیلئے 250 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

اس سے پہلے ویسٹ نڈیز نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بھارت نے مقررہ 20 اوورز میں 5 وکٹ پر 249 رن بنائے۔ سنجو سیمسن نے 41 گیندوں میں شاندار 82 رن بنائے۔

منگل کو لکھنؤ میں کھیلے گئے سیریز کے پہلے میچ میں بھارت نے ویسٹ انڈیز کو 8 وکٹ سے ہرا یا تھا اور سیریز میں ایک-صفر کی سبقت حاصل کی تھی۔ x

☆☆☆☆☆